سورۃ التّکاثر

Chapter 102

Greed for more and more

آیات 8

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

اللہ کے نام سے جو سنورنے والوں کی مرحلہ وار اور قدم بہ قدم مدد و رہنمائی کرتے ہوئے انہیں ان کے کمال تک لے جانے والا ہے (وہ یہ آگاہی دے رہا ہے کہ)!

اَلۡهٰكُمُ التَّكَاثُرُ ۙ﴿۱﴾

1-مال و دولت میں ایک دوسرے سے زیادہ سے زیادہ بڑھنے کی ہوس نے تمہیں غفلت میں رکھا ہوا ہے۔

حَتّٰى زُرۡتُمُ الۡمَقَابِرَ ؕ﴿۲﴾

2-(اور تمہاری ہوس کی نا ختم ہونے والی جدوجہد جاری رہتی ہے) یہاں تک (کہ تمہیں موت آجاتی ہے اور) تم قبروں میں جا پہنچتے ہو۔

كَلَّا سَوۡفَ تَعۡلَمُوۡنَ ۙ﴿۳﴾

3-اور یہ بات ایسی بھی نہیں کہ سمجھ میں نہ آسکے (کَلَّا) کیونکہ وہ وقت دُور نہیں اور تمہیں اس کا علم ہو جائے گا۔

ثُمَّ كَلَّا سَوۡفَ تَعۡلَمُوۡنَ ؕ﴿۴﴾

4-ایک بار پھر آگاہ ہو جاؤ کہ تمہیں بہت جلد (اپنے انجام کا) علم ہو جائے گا۔

كَلَّا لَوۡ تَعۡلَمُوۡنَ عِلۡمَ الۡيَقِيۡنِ ؕ﴿۵﴾

5-یہ بات حتمی ہے مگر کتنا اچھا ہوتا! اگر تم یقینی علم کے ساتھ یہ جان جاتے (کہ دنیا کی چیزوں کی زیادہ سے زیادہ ہوس نے تمہیں کس قدر اپنے انجام سے بے خبر کر رکھا ہے)۔

لَتَرَوُنَّ الۡجَحِيۡمَ ۙ﴿۶﴾

6-(نتیجہ یہ ہو گا کہ) تمہیں ضرور جہنم کا سامنا کرنا پڑے گا۔

ثُمَّ لَتَرَوُنَّهَا عَيۡنَ الۡيَقِيۡنِ ۙ﴿۷﴾

7-پھر تم اسے ضرور یقین کی آنکھ سے دیکھ لو گے۔

ثُمَّ لَتُسۡـَٔلُنَّ يَوۡمَئِذٍ عَنِ النَّعِيۡمِ ﴿۸﴾ ع 1 8 27

8-پھر اس دن تم سے ضرور پوچھا جائے گا کہ جو نعمتیں تمہیں عطا کی گئی تھیں (کیا تم نے ان کی قدر کی یا نہیں)۔